میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ شام

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا ۚ يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا ۚ وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

حزب التحریر
Hizb ut Tahrir

بدھ، 13 ربیع الاول، 1443ھ | 20/10/2021 | نمبر: 1443 AH/001

پریس ریلیز

اریحا کا قتل عام الشام کے لوگوں کو فتح کرنے کے سلسلے کی کوششوں میں سے ایک ہے

آج، بدھ، 20 اکتوبر 2021 کو، کم از کم 10 شہری جاں بحق اور 30 سے زائد زخمی ہو گئے جن میں بچے بھی شامل تھے۔ یہ واقعہ اس وقت پیش آیا جب شام کے جابر کی افواج نے صوبہ ادلب کے شہر اریحا پر گولہ باری کی جو کہ ملک کے شمال میں ڈی ایسکلیشن زون (de-escalation zone) میں واقع ہے۔

شام کی مقدس سرزمین کے مسلمانو!

دنیا کی آنکھوں کے سامنے ایک نیا قتل عام کیا گیا ہے، اور دنیا کا رویہ ایسے ہے جیسے کچھ ہوا ہی نہیں ہے۔ یہ رویہ اس وجہ سے ہے کیونکہ ہر ایک اس جرم میں شامل ہے جس کا مقصد شام کے مسلمانوں کے عزم و ارادے کو توڑ کر اُن کے انقلاب کو ختم کرنا اور انہیں امریکہ کی جانب سے دیے جانے والے سیاسی حل کو قبول کرنے پر آمادہ کرنا ہے۔

یہ قتل عام آئینی کمیٹی کے اجلاس کے دو دن بعد کیا گیا۔ یہ کمیٹی ایک ایسے آئین کی تیاری میں مصروف ہے جو اس بات کو یقینی بنائے گا کہ ریاست سیکولر ہو اور اسلام کو ریاست اور حکومت سے باہر رکھا جائے۔

اس آئینی کمیٹی نے انقلاب کے لیے موت کا سرٹیفکیٹ جاری کرنے اور آئین کے نام پر اپنے لوگوں کی قربانیوں کا ماتم کرنے کے کام کو اپنے ذمے لے لیا ہے، وہ آئین جس کے آرٹیکل مغرب اور اس کے حواریوں کے ذریعے مرتب کیے گئے ہیں۔

قتل عام، تمام لوگوں پر واضح کرتا ہے کہ جب سے شام کے لوگوں کو اُن حکمرانوں کے ذریعے سے قابو کیا جا رہا ہے جو غلام ہیں، جن کا اپنا کوئی ذہن نہیں ہے، جو خود فیصلے نہیں کرتے بلکہ اپنے آقاوں کے احکامات پر عمل کرتے ہیں، اور قتل عام کا خاموشی سے مشاہدہ کرتے ہیں، شام کے لوگوں کا خون سستا ہو گیا ہے۔

اے شام کے مسلمانو، جو کہ اسلام کا مسکن ہے:

آپ نے جو قربانیاں دی ہیں، وہ بہت عظیم ہیں، اور جو تکلیفیں آپ نے اٹھائی ہیں وہ بھی عظیم ہیں۔ لہٰذا، گروہوں کے قائدین کو اس بات کی اجازت مت دیں کہ وہ آپ کی منزل سے کھیلیں یا آپ کی قربانیوں کی تجارت کریں۔ جس کسی نے بھی شام کے جابر کے خلاف بغاوت کی ہے وہ اس بات کی صلاحیت رکھتا ہے کہ وہ باقی تمام جابروں کے خلاف بھی بغاوت کرے، یہاں تک کہ وہ اپنی قربانیوں کی قیمت حاصل کر لیں۔ اور ان قربانیوں کی قیمت نبوت کے نقش قدم پر خلافت سے کم کسی صورت نہیں ہو سکتی جس کے قیام کے بعد زمین و آسمان کے لوگ مطمئن ہوں گے، اور پھر تمام مسلمانوں کے خون کا بدلہ لیا جائے گا، اور جابروں اور شیاطین کی سرگوشیوں کو بھلا دیا جائے گا۔

﴿وَسَيَعْلَمُ الَّذِينَ ظَلَمُوا أَيَّ مُنْقَلَبٍ يَنْقَلِبُونَ﴾

"اور ظالم عنقریب جان لیں گے کہ کون سی جگہ لوٹ کر جاتے ہیں" (الشوریٰ، 26:227)

احمد عبد الوہاب

ولایہ شام میں میڈیا آفس حزب التحریر کے سربراہ

Skype: TahrirSyria
media@tahrir-syria.info
syriatahrir44@gmail.com
https://twitter.com/AttahrirSyria
https://t.me/tahrersy
حزب التحریر آفیشل ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.org
ویب پیج آفس حزب التحریر میڈیا: http://www.hizb-ut-tahrir.info